## ایم کیوایم تاجر برادری کے ساتھ ہے، رابطہ کمیٹی

## تاجر برادری کے نمائندہ وفد کی خورشید بیگم میموریل بلڈنگ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔4اپریل 2011ء

تاجر برادری کے ایک نمائندہ وفد نے پیر کے روز خورشید بیگم میموریل بلڈنگ عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کراچی میں بھتہ مافیہ، جرائم پیشہ افراداور دہشت گردوں کی جانب سے تاجر برادری، دکانداروں، صنعتکاروں کو بھتہ کی پرچیاں دینے اورانہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں سمیت اپنے درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے جس طرح ہمارا ساتھ دیا اور بھتہ مافیہ وجرائم پیشہ عناصر کی جانب سے تاجر برادری کو ہراساں کرنے کے واقعات پر نہ صرف ہرفورم پر آواز بلند کی بلکہ تاجر برادری کو تحفظ فراہم کرنے اوران کے برے وقتوں میں ساتھ دیا ہے وہ قابل ستائش ہے جسے تاجر برادری قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے تاجر برادری کی جانب سے بھتہ مافیہ اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف اظہار یکجہتی کرتے ہوئے حق وسچ کا ساتھ دیا ہے جس پر ہم تہہ دل سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شکرگزار ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کو ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ایم کیوایم ہرسطح پر تاجر برادری کے حقوق کی آواز اٹھائے گی اوراس مشکل وکٹھن حالات میں کسی صورت انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی اور بھتہ مافیہ وجرائم پیشہ افراد سے ہرصورت نجات دلانے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔

## ایم کیوایم کی جانب سے آل کراچی تاجر اتحاد کی منگل کے روز ہونے والی ہڑتال کی حمایت کا اعلان، رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔4اپریل، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آل کراچی تاجر اتحاد کی جانب سے منگل کے روز ہونے والی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ایک اعلامیہ میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی شہرگ ہے اورکراچی میں تاجروں سے بھتہ لینے والے دہشت گرد عناصر کی وجہ سے شہر بھر میں کاروباری سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں اسلئے ایم کیوایم نے ان سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے آل کراچی تاجر اتحاد کی جانب سے ہڑتال پر مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین بھی دلایا ہے۔

☆☆☆☆☆